# آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

# نظامت جنگلات نیلم

فون نمبر::05821-920018: فیکس نمبر::05821-920018 ای میل::Neelumcircle920018@gmail.com

## ٹینڈر نوٹس!

محکمہ جنگلات آزاد کشمیر میں رجسٹرڈ ٹھیکیداران A و B کلاس جنہوں نے رواں مالی سال 27-2026 کے لئے تجدید رجسٹریشن کروائی ہو سے سرکل ہذا کے بذیل Conclude شدہ کمپارٹمنٹ ہامیں تیار گیلی در جنگل کے علاوہ مارک شدہ خشک ایستادہ/افتادہ درختان درختان سے لکڑی بشکل گیلی / سلیپران ڈھلائی از جنگل تا یوٹی ڈویژن مظفرآباد و سیل ڈپو، اٹھمقام / شاردہ کے لئے سنگل سٹیج سنگل لفافہ کی بنا پر سر بمہر ٹینڈر مطلوب ہیں جو مورخہ 08 ستمبر 2026 بوقت 02:00 بجے دن تک دفتر نظامت جنگلات نیلم میں موصول ہونے چاہئے جو اُسی روز بوقت 02:30 بجے دن ٹینڈر دھندگان / مقرر کردہ نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

### الف) تفصیل مارک شدہ درختان کمپارٹمنٹ ہا

| نمبر شمار | کمپارٹمنٹ نمبر | مارک شدہ خشک ایستادہ/افتادہ حجم | متوقع برآمدگی (اندازا) | | تیار گیلی سلیپر در جنگل | میعاد ٹھیکہ | نام سیل ڈپوز |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | مکعب فٹ | گیلی م ف | سلیپران م ف | م ف | | |
| 01 | 04 سالخلہ | 587,082 | 320,000 | 50000 | 000 | 03 سال | سیل ڈپو اٹھمقام، یوٹی ڈویژن مظفرآباد |
| 02 | 08 بانڈی | 214911 | 130000 | 5000 | 000 | 2 سال | سیل ڈپو اشکوٹ / یوٹی مظفرآباد |
| 03 | 16 جاگراں | 104277 | 5000 | 35000 | 3703 | 1.5 سال | سیل ڈپو اٹھمقام / یوٹی مظفرآباد |
| 04 | 12 جاگراں | 267949 | 105000 | 30000 | 000 | 3 سال | سیل ڈپو اٹھمقام / یوٹی مظفرآباد |

### ب) تفصیل Conclude شدہ کمپارٹمنٹ سے تیار گیلی در جنگل / ٹرانزٹ ڈپو ہا۔

| نمبر شمار | کمپارٹمنٹ نمبر | تیار گیلی در جنگل (م ف) | متوقع برآمدگی (گیلی) | متوقع برآمدگی (سلیپر) | تیار گیلی در ٹرانزٹ ڈپو | متوقع برآمدگی (گیلی) | متوقع برآمدگی (سلیپران) | میعاد ٹھیکہ | نام سیل ڈپو |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 01 | 07 اشکوٹ | 38498 | 25000 | 5000 | 0 | 00 | 00 | 06 ماہ | اشکوٹ / مظفرآباد |
| 02 | 25 شاردہ | 16308 | 8000 | 4000 | 00 | 00 | 00 | 06 ماہ | سیل ڈپو شاردہ / یوٹی مظفرآباد |

## شرائط بذیل ہیں!

۱۔ ٹینڈر با قاعدہ ٹینڈر فارم پر دینا ہوگا جو دفتر ہذا سے بالعوض فیس **مورخہ 07 ستمبر 2026** کو اجراء کیئے جائیں گے۔

۲۔ ٹینڈر میں نرخ گیلی و سلیپر کے علاوہ جنگل میں تیار شدہ گیلی جات کے لئے الگ الگ مطابق ٹینڈر فارم دینا ہوگا۔ جس میں تمام اخراجات مع لوڈنگ انلوڈنگ وغیرہ شامل کرنا ہوں گے۔ تاہم نیلم ڈویلپمنٹ بورڈ بہتر گی فیس کی ادائیگی بذمہ محکمہ ہوگی۔

۳۔ ٹینڈر فارم / بڈ بک کے ہمراہ **ٹھیکہ کی مالیت پر 2% کال ڈیپازٹ بطور سکیورٹی مکفول بنام ناظم جنگلات نیلم شامل کرنا ہوگی**۔ کال ڈیپازٹ کسی بھی بنک سے بنوائی جا سکتی ہے۔ اور اس میں ٹینڈر دہندہ کا نام ہونا ضروری ہے۔ کال ڈیپازٹ کے بغیر یا کمی کی صورت میں ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

۴۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ سے PPRA رولز قاعدہ 39 کے تحت جہاں ضروری ہوا ٹھیکہ کی منظوری کا پراسس کرنے سے قبل مالیت ٹھیکہ پر 10% تک پرفارمنس بینک گارنٹی یا کسی بھی بینک کی کال ڈیپازٹ طلب کی جا سکتی ہے جو ٹھیکیدار دینے کا پابند ہوگا۔

۵۔ ایک لاکھ م ف سے زائد مارکنگ کے حامل جنگلوں کے ٹینڈرز دینے کیلئے دو گاڑیوں Truck 4X4 (گٹو) جبکہ 50 ہزار م ف سے زائد اور ایک لاکھ م ف سے کم مارکنگ کے حامل جنگلوں کے ٹینڈر دینے کے لئے 1 گاڑی Truck 4X4 (گٹو) کے ٹینڈر دہندہ کے نام ہونا ضروری ہے۔ گاڑیوں کی اصل دستیاویزات یا محکمہ ایکسائز و ٹیکسیشن سے مصدقہ نقول بطور ثبوت ملکیتی شامل کرنا ضروری ہے۔ بصورت دیگر فارم اجراء نہیں کیا جائے گا۔ فارم حاصل کرنے کے لئے **درخواست اجرائیگی ٹینڈر نوٹس سے مورخہ 07 ستمبر 2026 تک** دفتر ہذا میں وصول کی جائیں گی۔ جس

کے بعد درخواست ہا وصول نہ ہوگی۔ وصول شدہ درخواست ہا کے تحت ہی بڈ بک / ٹینڈر فارم اجراء ہوں گے۔

۶۔ ٹینڈر راوپنگ کمیٹی ایک یا تمام ٹینڈر وجہ بتا کر مسترد کرنے کی مجاز ہوگی۔

۷۔ ٹھیکیدار مطابق برآمدگی 100% لکڑی متعلقہ سیل ڈپو میں پہنچانے کا پابند ہوگا۔ اور ڈپو میں وصول شدہ لکڑی کی تصدیق متعلقہ آفیسران سے حاصل کرنے کے بعد 90% کارکردگی کی ادائیگی کی جائے گی۔ اور بقیہ کارکردگی 10% ٹھیکہ کا کام ختم ہونے پر ادا کی جائے گی۔

۸۔ خواہش مند حضرات کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ٹینڈر دینے سے قبل متعلقہ جنگل کا ملاحظہ کرکے اور میعاد ٹھیکہ کو مدنظر رکھتے ہوئے ریٹ دیں۔ بعد ازں کسی بھی طرح کے ابہام کا محکمہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

۹۔ دوران کام کسی انسانی غفلت سے کوئی حادثہ پیش آیا تو محکمہ پر اس کی زمہ داری نہ ہوگی۔

۱۰۔ گیلی وسلیپران کی مقدار میں موقع کی مناسبت سے کمی وبیشی ہوسکتی ہے۔

۱۱۔ **حکومت کی جانب سے عائد کردہ جملہ ٹیکسز مع GST ٹھیکیدار کی بلات کارکردگی سے مروجہ شرح کے مطابق وضع کیئے جائیں گے** نیز اگر حکومت کی جانب سے ٹیکسز میں اضافہ ہوا تو عائد کردہ شرح کے تحت ٹیکسز وضع کیئے جائیں گے۔ علاوہ ازیں اقرار نامہ فیس وسٹمپ ڈیوٹی، FDF بھی مروجہ شرح سے وصول کی جائے گی۔

۱۲۔ مشکوک یا مشروط ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔ ٹینڈر ریٹ میں کانٹ چھانٹ والا ٹینڈر مسترد کیا جائے گا۔

۱۳۔ **جملہ کمپارٹمنٹ ہا سے 25% لکڑی سیل ڈپو ہا ٹھمقام واشکوٹ وشاردہ میں ترسیل کرنا ہوگی اور 75% لکڑی یوٹی ڈویژن مظفرآباد ترسیل کرنا ہوگی۔**

۱۴۔ دوران کام رگڑان، رولنگ پاتھ ہاوٹرانزٹ ڈپو سے اگر کسی شخص کی ملکیت زمین متاثر ہوئی تو اس کا معاوضہ بذمہ ٹھیکیدار ہوگا۔ علاوہ ازیں ڈپو کا کرایہ بھی بذمہ ٹھیکیدار ہوگا۔

۱۵۔ تیار کردہ لکڑی کی ترسیل از جنگل تا سیل ڈپوز کے دوران کی حفاظت کی زمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔ اگر کسی بھی وجہ سے کوئی لکڑی ضائع ہوئی تو اس کی زمہ داری ٹھیکیدار پر عائد ہوگی۔ اور تحت اقرارنامہ کارروائی کی جائے گی۔

۱۶۔ ٹھیکیدار جملہ مارک شدہ خشک ایستادہ / افتادہ درختان اور تیار شدہ گیلی سے لکڑی نکاسی کرکے سیل ڈپوز میں پہنچانے کا پابند ہوگا۔ ٹھیکہ سے متعلق لکڑی بقایا در جنگل رہ جانے اور ضائع ہونے کی صورت میں تحت اقرارنامہ ٹھیکیدار سے نقصان شدہ لکڑی کی قیمت رائج الوقت کے حساب وصول کی جائے گی۔

۱۷۔ محکمہ کی جانب سے وقتاً فوقتاً مفاد سرکار میں دی گئی ہدایات کی ٹھیکیدار کو پابندی کرنا ہوگی اس کے علاوہ ٹینڈر نوٹس واقرارنامہ کی جملہ شرائط پر عمل درآمد کا ٹھیکیدار پابند ہوگا۔

۱۸۔ لکڑی کی نکاسی وڈھلائی کی خاطر لیبر کی رہائش، ٹرک مہیا کرنے اور دیگر ضروری انتظامات کی زمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔ محکمہ اس کا معاوضہ ادا کرنے کا پابند نہ ہوگا۔

۱۹۔ ایگریمنٹ میں مندرج شرائط قواعد وضوابط حسب موقع لاگو ہوں گے۔

۲۰۔ دیگر شرائط بوقت اجرائیگی ورک آرڈرز طے کی جائیں گی۔

**ناظم جنگلات نیلم سرکل**